© rasailojaraid.com

مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: الجمع بین الاثار　　مؤلف: محمد ایوب الرشید　　ضخامت: ۸۱۸ صفحات

قیمت: -/۵۹۶　　ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

امام الائمہ، فقیہ الامۃ امام اعظم ابوحنیفہؒ سے ہزاروں روایاتِ فقہیہ مختلف ائمہ کرام نے نقل کئے ہیں۔ مگر راویان میں امام ابو یوسفؒ جو فقہاء احناف میں دوسرے نمبر پر ہیں اور امام محمدؒ جو تیسرے نمبر پر ہیں زیادہ مشہور معروف ہیں، فقہ حنفی کی احیاء اور دنیا کے کونے کونے تک اس فقہ کی رسائی ان دونوں آئمہ کرام کا کارنامہ ہے۔ اجتہاد مطلقہ کے مرتبہ پر فائز ہونے کے باوجود دونوں حضرات نے اپنے شیخ امام اعظم ابوحنیفہؒ کا دامن پکڑے رکھا، اور اپنے استاذ کے وضع کردہ اصول پر استنباط واستخراج احکام کا کام کرتے رہے، زیر نظر کتاب بھی ان آئمہ اعلام کے متفقہ روایات کا ایک مجموعہ ہے۔ جوانہوں نے اپنے شیخ امام الائمہ سراج الامہ امام اعظم ابوحنیفہؒ سے نقل کئے ہیں۔ جس کو مولانا محمد ایوب الرشیدی صاحب مدظلہ نے جمع کر کے طالبان علوم دینیہ کو ایک بیش قیمت تحفہ عنایت کیا ہے۔ پھر عظیم محدث اور محقق، حضرت العلامہ مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی صاحب مدظلہ رئیس قسم التخصص فی علوم الحدیث النبوی ﷺ بجامعہ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوریؒ ٹاؤن کا فقہ اسلامی کا تاریخی پس منظر پر محیط مقدمہ سونے پر سہاگہ کی حیثیت رکھتا ہے جس کا مطالعہ ہر طالب علم کیلئے انتہائی ضروری اور مفید ہے، زمزم پبلشرز کراچی کا یہ عظیم پیشکش ہر کتب خانے کی زینت ہے

---

نام کتاب: شرح العقیدۃ الطحاویۃ　　تصنیف: علامہ عبدالغنی المیدانی الحنفیؒ

ضخامت: ۱۵۴ صفحات　　قیمت: -/۱۴۰　　ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

عقیدۃ طحاویۃ جس کا اصل نام بیان السنۃ والجماعۃ ہے، اس کتاب کے مؤلف مصر کے ممتاز محقق اور مشہور و معروف محدث وفقیہ امام ابوجعفر، احمد بن محمد بن سلامہ الطحاوی الازدی الحنفیؒ ہیں۔ امام مزنی شافعیؒ کے شاگرد اور رشتے میں بھانجے ہیں، فقہاء احناف میں آپ کا مقام طبقہ ثالثہ یعنی اصحاب الترجیح میں ہے۔ آپؒ نے حدیث، فقہ اور تفسیر میں عمدہ کتابیں تصنیف فرمائی ہیں۔ زیر نظر کتاب بھی آپ کے مقبول عام کتابوں میں سے ایک ہے۔ امام سبکیؒ نے اشاعرہ کے ہاں اس کو معتمد کتابوں میں شمار کیا ہے، اسی وجہ سے یہ کتاب وفاق المدارس العربیۃ کے نصاب میں بھی شامل ہے۔ اس کتاب کی کئی شروح لکھی جاچکی ہیں۔ ہر شرح دوسری شروح سے مختلف اور لعل وجواہر سے بھرپور ہے مگر علامہ عبدالغنی المیدانی

© rasailojaraid.com